V

# نظم: 1

## حسنِ کائنات

I۔ ان الفاظ کے معنی لکھو:

۱۔ حسن: خوبی۔ ۲۔ سرور: راگ۔ ۳۔ موسیقی: گانے بجانے کا علم۔

۴۔ کن: اللہ تعالیٰ نے جب کن کہا تو ساری کائنات وجود میں آئی۔ ۵۔ نغمہ: گیت۔ ۶۔ وادی: گھاٹی۔

۷۔ خار: کانٹا۔ ۸۔ شیریں: خوشگوار۔ ۹۔ خشکی: بھیگا۔ ۱۰۔ حصار: احاطہ۔

۱۱۔ کلکاریاں: معصوم بچوں کی چیخ و پکار۔ ۱۲۔ خزاں: پت جھڑ کا موسم۔

۱۳۔ سحر: صبح کے شروع ہونے کا وقت۔

II۔ خانہ پری کیجئے:

۱۔ چمن میں گلوں میں ہیں رنگیاں۔ ۲۔ ہے پھولوں میں خوشبو بھی اور رنگ بھی۔

۳۔ یہ سردی و گرمی یہ خشکی تری۔ ۴۔ یہ دن کا اجالا یہ تاریک شب۔

۵۔ بس ایک لفظ کن سے بنی کائنات۔

III۔ ان الفاظ کے اضداد لکھو:

۱۔ بلندی = پستی ۲۔ خار = گل ۳۔ سردی = گرمی ۴۔ خشکی = تری

۵۔ تاریک = روشن ۶۔ شام = صبح ۷۔ موت = زندگی

IV۔ ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے:

۱۔ دل کش: ہندوستان میں دل کش نظارے ہیں۔ ۲۔ سرور: والدین کی خدمت کرکے دل سرور حاصل ہوتا ہے۔

۳۔ شیریں: آم ایک شیریں پھل ہے۔ ۴۔ سحر: سحر کے وقت اٹھنا صحت کے لئے بہت مفید ہے۔

۵۔ خزاں: خزاں کے موسم میں درختوں کے پتے جھڑنے لگتے ہیں۔

V۔ ان سوالوں کے جواب لکھو:

۱۔ بتائے کہ کائنات کا خالق کون ہے؟

ج۔ کائنات کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔

۲۔ شاعر کے مطابق کائنات کیسے بنی ہے؟

ج۔ شاعر کے مطابق ایک لفظ کن سے کائنات بنی ہے۔

۳۔ سرور کہاں پایا جاتا ہے؟

ج۔ سرور دریاؤں کے لہروں میں پایا جاتا ہے۔

۴۔ دلکش نظارے کہاں کہاں دکھائی دیتے ہیں؟

ج۔ دلکش نظارے زمین، چاند، سورج، ستاروں میں دکھائی دیتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

# سبق: 1

# کیوں نہ ہم بھی ہاتھ بٹائیں

I۔ ان الفاظ کے معنی لکھئے:

۱۔ معائنہ: غور سے دیکھنا۔ ۲۔ سرگوشی: آپس میں کھسر پھسر کرنا۔ ۳۔ بینائی: آنکھوں کی روشنی۔

۴۔ کثیر: بہت زیادہ۔ ۵۔ منصوبہ: تدبیر۔ ۶۔ احاطہ: چار دیواری، گھیر۔

۷۔ بےلوث: فائدے کی پرواکئے بغیر۔ ۸۔ تائید: طرف داری۔ ۹۔ نمائندگی: کسی جگہ موجود ہونا۔

۱۰۔ تنظیم: انتظام کرنا۔ ۱۱۔ سراہنا: تعریف کرنا۔ ۱۲۔ قیام وطعام: کھانا ۱۳۔ ہاتھ بٹانا: مدد کرنا۔

۱۴۔ فلاح وبہبودی: بھلائی۔ ۱۵۔ دستی اشتہار: چھوٹے اشتہار۔ ۱۶۔ مہیا کرنا: حاضر کرنا۔

۱۷۔ فراہم کرنا: جمع کرنا۔ ۱۸۔ بین الاقوامی: جو کئی ممالک میں پھیلا ہوا ہو۔

II۔ خانہ پری کیجئے:

۱۔ آپا! یہ ایک دستی اشتہار ہے۔ ۲۔ وٹامن A کی کمی سے بینائی کمزور ہوجاتی ہے۔

۳۔ موتیاں بند آنکھوں کی ایک بیماری ہے۔ ۴۔ روٹری کلب، لائنس کلب، ریڈکراس سوسائٹی وغیرہ بین الاقوامی ادارے ہیں۔

III۔ ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:

۱۔ دستی اشتہار: عامر کے ہاتھ میں دستی اشتہار تھا۔ ۲۔ انجمن: قدوائی انگلش اسکول ایک انجمن ہے۔

۳۔ مدرسہ: ہمارے مدرسہ کا نام قدوائی انگلش اسکول ہے۔ ۴۔ آپریشن: دادی کے آنکھوں کا آپریشن ہے۔

۵۔ مفت: سرکاری اسکول میں دوپہر کا کھانا مفت دیتے ہیں۔

IV۔ ان سوالوں کے جواب لکھو:

۱۔ معلمہ نے عامر کے ہاتھوں میں کیا دیکھا؟

ج۔ معلمہ نے عامر کے ہاتھوں میں ایک دستی اشتہار دیکھا۔

۲۔ مدرسہ پر کسی کیمپ کا اہتمام کیا گیا تھا؟

ج۔ مدرسہ پر آنکھوں کے مفت معائنہ اور آپریشن کے کیمپ کا اہتمام کیا گیا تھا۔

۳۔ بینائی کیوں کمزور ہوجاتی ہے؟

ج۔ وٹامن A کی کمی سے بینائی کمزور ہوجاتی ہے۔

۴۔ وٹامن A کن کن چیزوں میں پایا جاتا ہے؟

ج۔ وٹامن A گاجر، مولی اور ہری سبزیوں میں پایا جاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

۵۔مدرسہ پر کیمپ کا اہتمام کس نے کیا تھا؟
ج۔مدرسہ پر کیمپ کا اہتمام روٹری کلب نے کیا تھا۔

V۔ان الفاظ کے اضداد لکھئے:

۱۔مشہور = گمنام ۲۔صاف = گندہ ۳۔ضعیف = جوان ۴۔سرکاری = غیر سرکاری
۵۔قابل = نا قابل

VI۔ان الفاظ کے ہم معنی لفظ لکھو:

۱۔لاچار: مجبور ۲۔صحت: تندرست ۳۔فلاح: بھلائی ۴۔ضعیف: بزرگ
۵۔ہاتھ بٹانا: کام آنا۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@

نظم :2

چڑیا

ا۔ان الفاظ کے معنی لکھو:

۱۔سہانا: دل پسند۔ ۲۔تنگ: سکڑا ہوا
۳۔نمائش: وہ جگہ جہاں مفید اور دلچسپ چیزوں کو دکھایا جاتا ہے۔ ۴۔چگنا: پرندوں کا چونچ سے دانہ کھانا۔
۵۔دستِ شفقت: محبت بھرا ہاتھ۔ ۶۔سکھیوں: سکھی کی جمع۔ ۷۔کلکاری: چیخ۔
۸۔دل موہ لینا: کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا۔ ۹۔ہولے: آہستہ۔
۱۰۔پھدکنا: اچھلنا۔ ۱۱۔سانولی: سانولا کی تانیث۔ ۱۲۔رنگت: روپ۔
۱۳۔بوری: چھوٹا تھیلا۔ ۱۴۔منڈلانا: چکر لگایا۔ ۱۵۔فضا: کھلا ماحول۔
۱۶۔مکدر: میلا، گدلا۔ ۱۷۔سوپر مارکیٹ: (انگریزی لفظ) بڑی دکان۔
۱۸۔پیک: (انگریزی لفظ) بندھا ہوا۔ ۱۹۔فراغت: اطمینان، آسودگی۔
۲۰۔مرحلہ: منزل، درجہ۔

II۔مندرجہ ذیل خط کشیدہ الفاظ اضداد خالی جگہوں میں لکھو:

۱۔یہاں چند روز پہلے شب میں چوریاں ہوا کرتی تھیں۔
۲۔ہولے ہولے چلنے سے منزل نہیں ملے گی ذرا قدم جلدی جلدی رکھو۔
۳۔اناج کی بوریاں کھلی رہیں گی تو اناج خراب ہو جائے گا انہیں بند کر دو۔

Scanned with CamScanner

۴۔ شہر کے لوگ بہت مصروف رہتے ہیں انہیں دوستوں سے ملنے کی فرصت نہیں ملتی۔

۵۔ شرابی مکدر اور غیر مکدر شراب میں فرق نہیں کرتے۔

III۔ ان سوالوں کے جواب لکھو:

۱۔ شاعر نے چڑیا کی تصویر کہاں دیکھی؟

ج۔ شاعر نے چڑیا کی تصویر ایک نمائش میں دیکھی۔

۲۔ شاعر نے اصل چڑیا کب دیکھی؟

ج۔ شاعر نے اصل چڑیا اپنے بچپن کے آنگن میں دیکھی۔

۳۔ چڑیا شاعر کے آنگن میں کیوں آیا کرتی تھی؟

ج۔ چڑیا شاعر کے آنگن میں بچے ہوئے دانے لینے آیا کرتی تھی۔

۴۔ چڑیا اناج کی کھلی بوریوں پر کیوں منڈلاتی تھی؟

ج۔ چڑیا اناج کی کھلی بوریوں پر دانے چکھنے منڈلاتی تھی۔

۵۔ شاعر کی ماں کا معمول کیا تھا؟

ج۔ شاعر کی ماں کا معمول دال چاول صاف کرتی تھی۔

@@@@@@@@@@@@@@@@

# سبق: 2

## شیر

I۔ ان الفاظ کے معنی لکھو:

۱۔ مقدس: قابل۔ ۲۔ عظمت: بڑائی۔ ۳۔ مجسمے: مورت۔ ۴۔ مزین: سجا ہوا۔

۵۔ میسر: حاصل ہونا۔ ۶۔ تنہا: اکیلا۔ ۷۔ مویشی: جانور ۸۔ چست: پھرتیلا، تیز۔

۹۔ دلیر: بہادری۔ ۱۰۔ ضعیفی: کمزوری۔ ۱۱۔ قوت: طاقت۔ ۱۲۔ گفتگو: بات چیت۔

۱۳۔ گم سم: خاموش۔ ۱۴۔ تحفظ گاہ: پناہ گاہ۔ ۱۵۔ مغموم: دکھی ۱۶۔ کشش: اپنی طرف کھینچنا۔

۱۷۔ مناظر: منظر کی جمع۔ ۱۸۔ محل وقوع: آب وہوا، اطراف واکناف۔

۱۹۔ سیاح: سیر کرنے والا، سیاحت کرنے والا۔ ۲۰۔ مسرور: خوشی۔

۲۱۔ باوقار: سنجیدہ۔

II۔ ان کی اضداد لکھیے:

۱۔ گرم = ٹھنڈا ۲۔ دلیر = بزدل ۳۔ علم = جہل ۴۔ بڑھاپا = جوانی

۵۔ خوبصورت = بدصورت ۶۔ چست = سست ۷۔ غم = خوشی

Scanned with CamScanner

III۔ ان الفاظ کو الٹ کر لکھو:

مثال:۔ مان: نام ۱۔ کان: ناک ۲۔ نار: ران ۳۔ تار: رات ۴۔ جار: راج

۵۔ پاٹ: ناپ ۶۔ ریت: تیر

IV۔ خانہ پری کیجیے:

۱۔ شیر کو ہندی زبان میں باگھ کہتے ہیں۔ ۲۔ شیر بہادری اور عظمت کا نشان ہے۔

۳۔ شیر ہمارا قومی جانور ہے۔ ۴۔ کالی کالی دھاریاں شیر کی خوبصورتی میں اضافہ کرتی ہیں۔

۵۔ شیر کا پانچواں ناخن انگوٹھے کا کام کرتا ہے۔ ۶۔ ٹیپو سلطان کا تخت شیر کے مختلف مزین سے تھا

V۔ جملوں میں استعمال کیجئے:

۱۔ مقدس: قرآن شریف ایک مقدس کتاب ہے۔ ۲۔ دلیر: شیر ایک دلیر جانور ہے۔

۳۔ خوبصورت: مور ایک خوبصورت پرندہ ہے۔ ۴۔ اعتدال: حضرت ٹیپو سلطانؒ شہید بہت اعتدال پسند بادشاہ تھا۔

۵۔ چالاک: شیرنی شیر سے زیادہ چست چالاک ہوتی ہے۔

VI۔ جوڑ لگائیے:

| الف | ب |
|---|---|
| ۱۔ باگھ | ہندی لفظ |
| ۲۔ مقدس کتابوں | میں شیر کا ذکر کیا گیا ہے |
| ۳۔ حضرت ٹیپو سلطانؒ | کو شیر بہت پسند تھا |
| ۴۔ شیر مردہ جانور | نہیں کھاتا |
| ۵۔ گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے | شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے |

V۔ ان سوالوں کے جواب ایک جملوں میں لکھئے:

۱۔ ہمارا قومی جانور کا نام لکھئے؟

ج۔ ہمارا قومی جانور کا نام شیر ہے۔

۲۔ بتائیے کہ شیر کا نشان کیا ظاہر کرتا ہے؟

ج۔ شیر کا نشان بہادری اور عظمت کو ظاہر کرتا ہے۔

۳۔ ٹیپو سلطان شہید کا قول کیا ہے؟

ج۔ ٹیپو سلطان شہید کا قول "گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے"۔

Scanned with CamScanner

1

۴۔نسل کے اعتبار سے شیر کا تعلق کس خاندان سے ہے؟
ج۔نسل کے اعتبار سے شیر کا تعلق بلی کے خاندان سے ہے۔
۵۔شیر کو ہندی اور انگریزی میں کیا کہا جاتا ہے؟
ج۔شیر کو ہندی میں باگھ اور انگریزی میں ٹائیگر کہا جاتا ہے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@

Scanned with CamScanner